السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مسواک اور صفات فطرت کا بیان

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

"السواک مطهرة للفم مرضاة للرب"

"مسواک منہ کی صفائی اور رب کی رضا کا ذریعہ ہے۔"[1]

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا :

"الْفِطْرَةُ خَمْسٌ أَوْ خَمْسٌ مِنَ الْفِطْرَةِ الْخِتَانُ ، وَالِاسْتِحْدَادُ، وَتَقْلِيمُ الأَظْفَارِ، وَنَتْفُ الإِبِطِ، وَقَصُّ الشَّارِبِ"

"پانچ صفات "فطرت ہیں ختنہ کرنا، زیرناف بال اتارنا، ناخن تراشنا، بغلوں کے بال اکھیڑنا اور مونچھیں کاٹنا۔"[2]

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا :

"أَحْفُوا الشَّوَارِبَ وَأَعْفُوا اللِّحَى"

"مونچھیں کاٹو اور داڑھیاں بڑھاؤ۔"[3]

مندرجہ بالا روایات اور اس مضمون کی دیگر روایات سے فقہائے کرام نے درج ذیل مسائل اخذ کیے ہیں۔

---

[1]۔ مسند احمد 6/47۔62۔ وسنن النسائی الطھارۃ باب الترغیب فی السواک حدیث 5۔

[2]۔ صحیح البخاری اللباس باب قص الشارب حدیث 5889۔ و صحیح مسلم الطھارۃ باب خصال الفطرۃ حدیث 257 واللفظ لہ۔

[3]۔ صحیح البخاری اللباس باب تقلیم الاظفار حدیث 5892۔ و صحیح مسلم الطھارۃ باب خصال الفطرۃ حدیث 259 واللفظ لہ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

قرآن وحدیث کی روشنی میں فقہی احکام ومسائل

جلد01 : صفحہ37